Prime Minister holds telephone conversation with the President of the U.S.A.

February 14, 2023

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے امریکہ کے عزت مآب صدر جناب جوزف آر بائیڈن کے ساتھ ٹیلی فون پر بات چیت کی

فروری 2023 14

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج ریاستہائے متحدہ امریکہ کے صدر عزت مآب جناب جوزف آر بائیڈن کے ساتھ ایک گرمجوشی اور نتیجہ خیز فون کال کی۔

وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور صدر بائیڈن نے ہندوستان-امریکہ کے جامع عالمی اسٹریٹجک شراکت داری کے گہرے ہونے پر اطمینان کا اظہار کیا، جس کے نتیجے میں تمام ڈومینز یا میدانوں میں مضبوط ترقی ہوئی ہے۔ انہوں نے ایئر انڈیا اور بوئنگ کے درمیان ایک تاریخی معاہدے کے اعلان کا خیرمقدم کیا جو باہمی طور پر فائدہ مند تعاون کی ایک روشن مثال ہے جس سے دونوں ممالک میں روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی۔ وزیر اعظم نے بوئنگ اور دیگر امریکی کمپنیوں کو دعوت دی کہ وہ ہندوستان میں شہری ہوابازی کے شعبے میں توسیع کی وجہ سے پیدا ہونے والے مواقع سے استفادہ کریں۔

دونوں رہنماؤں نے حال ہی میں واشنگٹن ڈی سی میں منعقدہ اہم اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز (آئی سی ای ٹی) سے متعلق پہل کی پہلی میٹنگ کا خیرمقدم کیا، اور خلاء، سیمی کنڈکٹرز، سپلائی چین، دفاعی تعاون اور مشترکہ پیداوار میں دوطرفہ تعاون، ترقی اور علم اور اختراعی ماحولیاتی نظام کو مضبوط بنانے کی گہری خواہش کا اظہار کیا۔ انہوں نے دونوں ممالک کے درمیان عوام سے عوام کے متحرک تعلقات کو مضبوط بنانے پر اتفاق کیا جو باہمی طور پر فائدہ مند رہے ہیں۔

دونوں رہنماؤں نے اس کی کامیابی کو یقینی بنانے کے لیے ہندوستان کی جاری جی20 صدارت کے دوران رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

فروری 2023 14

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.